Cambridge Assessment International Education

# Cambridge International A Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **October/November 2021**

**2 hours 30 minutes**

You must answer on the answer booklet.

You will need: Answer booklet (enclosed)

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

**INSTRUCTIONS**
- Answer **three** questions in total in **Urdu**, each on a different text:
  - Answer **at least one question** from Section 1.
  - Answer **at least one question** from Section 2.
  - Answer **one other question** from **either** Section 1 **or** Section 2.
- Follow the instructions on the front cover of the answer booklet. If you need additional answer paper, ask the invigilator for a continuation booklet.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**
- The total mark for this paper is 75.
- Each question is worth 25 marks.

**ہدایات**

- کل **تین** سوالوں کے جواب **اردو** میں دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے:
  - **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 1 سے لکھیے۔
  - **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 2 سے لکھیے۔
  - اس کے علاوہ **ایک اور سوال** کا جواب حصہ 1 **یا** حصہ 2 سے لکھیے۔
- جوابی پرچے کے سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔ یہ ہدایات نیچے اردو میں بھی دی گئی ہیں۔ اگر آپ کو جواب لکھنے کے لیے زائد صفحات کی ضرورت ہو تو نگران سے اضافی کتابچے کے لیے رابطہ کریں۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**

- اس پرچے کے لیے کل مارکس 75 ہیں۔
- ہر سوال کے 25 مارکس ہیں۔

This document has **8** pages. Any blank pages are indicated.

DC (LK) 203684/2
© UCLES 2021

[Turn over

https://xtremepape.rs/

## جوابی کتابچے کے لیے ہدایات

کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ آپ ڈایا گرام یا گراف کے لیے ایچ بی پینسل استعمال کر سکتے ہیں۔

اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر لکھیے۔ اپنا جواب واضح طور پر لکھیے۔

کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت** کریں۔

کسی بھی بار کوڈ پر **مت لکھیے**۔

اپنے جوابات اس کتابچے میں لکھیے۔ صفحات کے دونوں طرف لکھیے۔ نیا جواب شروع کرنے سے پہلے ہر جواب کے آخر میں دو سطریں چھوڑ دیجیے۔

آپ جس سوال کا جواب لکھ رہے ہیں اس کا نمبر دائیں طرف کے حاشیے میں انگریزی میں لکھیے۔

| Part | Question |
| --- | --- |
| (a)(i) | 1 |
| | |
| | |
| (a)(ii) | 1 |

اگر آپ کا منتخب شدہ سوال مختلف حصوں پر مشتمل ہو مثال کے طور پر 1 (a) تو اس حصے کا نمبر انگریزی میں دوسرے حاشیے میں لکھیے۔

تمام اضافی کام اسی جوابی کتابچے میں قلم سے کیجیے۔ جو حصہ ممتحن کے لیے **نہیں** ہے اسے کاٹ دیں مگر یہ خیال رہے کہ وہ کٹا ہوا حصہ پڑھا جا سکے۔

اس کتابچے کا کوئی بھی حصہ الگ **نہ کریں**۔

تمام کاغذات واپس کر دیں۔ اگر آپ نے کوئی اضافی کتابچہ استعمال کیا ہے تو اسے بھی جوابی کتابچے میں رکھ کر واپس کر دیں۔



https://xtremepape.rs/

BLANK PAGE



https://xtremepape.rs/

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔ آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے منتخب کیے ہوئے سوالوں کے نمبر واضح طور پر **انگریزی** میں لکھیے۔

## پہلا حصہ

**1** غزلیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** تجھی کو جو یاں جلوہ فرما نہ دیکھا — برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا
مرا غنچۂ دل ہے وہ دل گرفتہ — کہ جس کو کسو نے کبھو وا نہ دیکھا
یگانہ ہے تو آہ بیگانگی میں — کوئی دوسرا اور ایسا نہ دیکھا
اذیت، مصیبت، ملامت، بلائیں — ترے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا
کیا مجھ کو داغوں نے سروِ چراغاں — کبھو تو نے آکر تماشا نہ دیکھا

(خواجہ میر درد)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** خواجہ میر درد نے غزل کی بنیاد عشق حقیقی پر رکھی۔ مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** غالب ہر دور کے شاعر ہیں۔ اشعار کے حوالے سے بحث کیجیے۔



https://xtremepape.rs/

**2** نظمیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** بجھا جو روزن زنداں تو دل یہ سمجھا ہے کہ تیری مانگ ستاروں سے بھر گئی ہو گی
چمک اٹھے ہیں سلاسل تو ہم نے جانا ہے کہ اب سحر ترے رخ پر بکھر گئی ہو گی
غرض تصور شام و سحر میں جیتے ہیں
گرفت سایہ دیوار و در میں جیتے ہیں
یونہی ہمیشہ الجھتی رہی ہے ظلم سے خلق نہ ان کی رسم نئی ہے نہ اپنی ریت نئی
یونہی ہمیشہ کھلائے ہیں ہم نے آگ میں پھول نہ ان کی ہار نئی ہے نہ اپنی جیت نئی
اسی سبب سے فلک کا گلہ نہیں کرتے
ترے فراق میں ہم دل برا نہیں کرتے

(فیض)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا نظم میں فیض کی شاعری کا کون سا پہلو نمایاں ہے؟ تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** آپ کے خیال میں ساحر شاعر محبت ہے یا شاعر انقلاب۔ اشعار کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔



https://xtremepape.rs/

3 نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

(a) دیکھنا جذب محبت کا اثر آج کی رات
میرے شانے پہ ہے اس شوخ کا سر آج کی رات
اور کیا چاہیے اب اے دل مجروح تجھے
اس نے دیکھا تو بہ انداز دگر آج کی رات
پھول کیا خار بھی ہیں آج گلستاں بکنار
سنگ ریزے ہیں نگاہوں میں گہر آج کی رات
محو گلگشت ہے یہ کون مرے دوش بدوش
کہکشاں بن گئی ہر راہگزر آج کی رات
پھوٹ نکلا در و دیوار سے سیلاب نشاط
اللہ اللہ مرا کیف نظر آج کی رات

(مجاز)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) مجاز بنیادی طور پر ایک رومانی شاعر ہیں۔ مندرجہ بالا نظم کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

یا

(b) معاشرے میں موجود عوامی مسائل کا ذکر اختر الایمان کی شاعری میں ہمیں جابجا نظر آتا ہے۔ اشعار کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔



https://xtremepape.rs/

## دوسرا حصہ

**4** امراؤ جان ادا، مرزا ہادی رسوا

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** "ایک طوائف کی آنکھیں خواب دیکھنے کے لیے نہیں خواب دکھانے کے لیے ہوتی ہیں۔" اس مکالمے کی روشنی میں ناول امراؤ جان ادا پر تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** ناول امراؤ جان ادا کو پر اثر بنانے میں منظر نگاری کی کیا اہمیت ہے؟ اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔

**5** افسانے

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** تقسیم ہند کے موضوع پر افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں منٹو کے انداز تحریر پر بحث کیجیے۔

یا

**(b)** افسانہ نظارہ درمیاں ہے میں غریب طبقے کے مسائل اور ان کی مجبوریوں کی عکاسی بڑے موٴثر انداز میں کی گئی ہے۔ بحث کیجیے۔

**6** انار کلی، امتیاز علی تاج

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** ڈرامہ انار کلی میں کردار نگاری اپنے عروج پر نظر آتی ہے۔ اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

یا

**(b)** دلآرام نے جو بھی کیا وہ ٹھیک تھا۔ اس لیے کہ ہر محبت کرنے والے کو ایسا ہی کرنا چاہیے تھا۔ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟ ڈرامہ انار کلی کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

© UCLES 2021


https://xtremepape.rs/

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which itself is a department of the University of Cambridge.



https://xtremepape.rs/